یہاں تک کہ قادیانی اگر یوم التبلیغ مناتے ہیں تو مخالف ان کی پوری گت بناتے ہیں (بزعم مرزا) یہ سب شیطان کی حرکتیں ہیں بھروہ مرا کیسے۔

احمدی دوستو! اللہ تعالےٰ سے ڈر کر میدان محشر کا خوف دل میں لاکر سوچئے کہ اس مسیح موعود نے مسلمانوں کی اس بدحالی کی (جسے وہ خود بھی بدحالی کہتے ہیں) کیا اصلاح کی؟

ہم بطور مثال تمہیں ایک دو مقام کی زیارت کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ اپنی زندگی میں ان کو ضرور دیکھو اور کہ مرزا صاحب نے مسلمانوں کو کچھ فائدہ پہنچایا؟ وہ مقام ملتان میں بہاء الحق کا مزار اور اجمیر میں حضرت چشتی کا مزار ہے۔

واللہ ان اور ان جیسے اور مزارات میں جاکر کلمہ گو مسلمانوں کا حال بغور دیکھو تو تم بھی ہماری طرح یہی کہو ؎

رسول قادیانی کی رسالت ✽ جہالت ہے بطالت سفاہت

لاہوری علماء کرام کو نوٹس

چند دنوں سے لاہور میں قادیانیوں کی تردید میں جلسے ہوتے تھے، جن میں قادیانی مذہب کے بانی مبانی مرزا صاحب قادیانی اور ان کے مریدوں کے اقوال و افعال بیان کئے جاتے تھے اسی اثنا میں ہم نے سنا کہ مولانا احمد علی لاہوری پر اینٹ پتھر مارے گئے۔ پھر یہ خبر ملی کہ جلسہ اسلامیہ کی منادی کرنے والے والنٹیئر کو پیٹا گیا۔ آخر کار یہ خبر آئی کہ مندرجہ ذیل علماء کو حکومت کی طرف سے نوٹس دیا گیا ہے کہ ۴ مارچ کو حاضر عدالت ہو کر وجہ بتاؤ کہ زیر دفعہ (۱۰۷) تم لوگوں سے نیک چلنی کی ضمانت کیوں نہ لی جائے۔ مولوی احمد علی۔ مولوی ظفر علی۔ مولوی عبد الحنان۔ مولوی غلام مرشد۔ مولوی حبیب اللہ صاحب۔ مولوی محمد بخش مسلم۔ مولوی لال حسین اختر۔

ہم اس مقدمہ کے انجام کی بابت کچھ نہیں کہہ سکتے۔ البتہ حکومت کو مشورہ دیتے ہیں کہ اس قسم کے معاملات میں الفاظ (اگر قانونی حد سے باہر ثابت ہوں) سنا کر تنبیہ کر دینی کافی ہے۔ ورنہ خطرہ ہے کہ ملک میں جوش پیدا نہ ہو۔ اور قادیانیوں کی زندگی تلخی میں نہ آجائے آئندہ ؎ رموز مملکت خویش خسروان دانند